RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

جلد	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲ جمادی الاول ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۲۱ اکتوبر ۱۸۹۵ عیسوی	نمبر ۴۲

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	نام مضمون	نمبر شمار
۱ و ۲	**روبکار صاحب ریونیو ممبر بہادر** درباره وصول مطالبه دہات [illegible]	۱
۲	**سرکلر و روبکارات صاحب جوڈیشل ممبر بہادر** بابت [illegible]	۲
۲	فہرست [illegible]	۳
۲	فہرست ایک ماہ [illegible]	۴
۲ و ۳	فہرست [illegible]	۵
۳	**روبکارات صاحب سکرٹری بہادر** [illegible]	۶
۳	[illegible]	۷
۳	[illegible]	۸
ضمیمہ	نقشہ [illegible]	[illegible]

روبکار اجلاس نواب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۵ اکتوبر ۱۸۹۵ء

وہ مستاجران نادہند جنہوں نے باوجود مہلت دینے کے بھی ۱۳۰۲ فصلی کا مطالبہ بیباق نہیں کیا ہے کسی طرح مستحق اسکے نہیں ہیں کہ ۱۳۰۳ فصلی کی آمدنی وصول کرکے مطالبہ ۱۳۰۲ فصلی میں محسوب کریں - ایسے مستاجروں کی ایک فہرست پرگنہ وار مع تعداد باقی کے بوساطت نفیٹنٹ صدر و اصلیاتی نویس صدر تیار ہو کر ملاحظہ ہوئی -

حکم ہوا کہ

نقل فہرست پرگنہ وار بذریعہ پروانہ تحصیلداران محال کے پاس مرسل ہو کہ تحفظ کامل انہوات کی آمدنی کا کریں - سال حال کی آمدنی سال [illegible]

ہی مین سیاہہ ہو۔ اور بابت وصول مطالبہ سرکار کے بہی بند و بست مناسب کرین اور نقل کل فہرست کی لفٹنٹ صاحب کے پاس بذریعہ پروانہ بہیجی جاوے کہ تدابیر ضابطہ بابت وصول مطالبہ سرکاری کے عمل مین لاوین۔ اور یہ روبکار درج گزٹ بہی کیا جاوے۔

سرکلر اجلاس خانبہادر صاحب جوڈیشل ممبر کونسل
واقع ۲۹ ستمبر ۱۸۹۵ء

بسلسلہ ضابطہ امتحان وکلاء

بنام جملہ حکام عدالتہاے ماتحت دیوانی و فوجداری

ضابطہ امتحان وکلاء کی دفعہ ۱۲ مین حکم ہو چکا ہے کہ ہر عدالت دیوانی و فوجداری و مرافعہ مین ایک رجسٹر معاینہ سند وکلاء کا ہر سال مرتب کرکے حاکم عدالت خانہ کیفیت معاینہ سند متعلقہ لکھکر دستخط کیا کرین اور بعد آغاز سال کے بعد جب اول مرتبہ کسی عدالت مین پیروی مقدمہ کے لئے حاضر ہون تو اپنی سند بغرض ملاحظہ حاکم ساتھ لیا کرین اب اوس قاعدہ کیطرف جملہ حکام کو تاکیداً متوجہ کیا جاتا ہے کہ کسی وکیل سے یکم اکتوبر کو کام نہ لیا جاوے جب تک اوسکے پاس سند وکالت جدید نہ دیکہہ لی جاوے اور چونکہ دفعہ ۱۹ ضابطہ مذکور مین لازم گردانا گیا ہے کہ ختم سال کے ایک مہینہ پیشتر درخواست تبدیلی سند سال آیندہ کی پیش کیا کرین اوسکی تعمیل بہی وقت معین مین نہین ہوتی لہذا وکلاء کو مطلع ہونا چاہئے کہ آیندہ میعاد کے قبل از وقت اگر درخواست تجدید سارٹیفکٹ کی نہ داخل کیا کرینگے اور تاریخ معین کے بعد درخواست گذریگی تو وہ درخواست نہ لیجاویگی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
واقع ۱۲ اکتوبر ۱۸۹۵ء

یادداشت جج عدالت خفیفہ دربارہ عطاے مزید رخصت چار روز بوجہ باقی رہنے مرض کی من ابتداے ۱۲ اکتوبر لغایت ۱۵ اکتوبر ۱۸۹۵ء پیش ہو کر۔ حکم ہوا کہ

رخصت چار روز کی منظور ہے مفتی صاحب دیوانی معمولی کام عدالت خفیفہ پیشیر منصفی کا انجام فرماوین احکام جاری ہون روبکار ہذا بنابر اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
واقع ۱۵ اکتوبر ۱۸۹۵ء

عرضی سنڈت کیشوناتہہ جوڈیشل کلرک معہ سارٹیفکٹ ڈاکٹری بدرخواست رخصت ایک ماہ من ابتداے یکم لغایت آخر اکتوبر ۱۸۹۵ء عیسوی پیش ہو کر۔ حکم ہوا کہ

سارٹیفکٹ بیماری ہمرشتہ ہے یکم اکتوبر سے آخر اکتوبر تک ایک ماہ کی رخصت بیماری بوضع نصف تنخواہ منظور ہے احکام جاری ہون روبکار ہذا بنابر اندراج گزٹ مطبع مرسل ہو۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
واقع ۱۶ اکتوبر ۱۸۹۵ء

مثبتہ یادداشت حاکم عدالت خفیفہ بدرخواست عطاے رخصت دو یوم من ابتداے ۱۶ لغایت ۱۷ اکتوبر ۱۸۹۵ء

رخصت دو روز علاوہ رخصت سابقہ منظور ہے مفتی صاحب

دیوانی معمولی کام خفیفہ و چند منصفی کا فرماوین احکام جاری ہوں

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر
واقع ۱۰ اکتوبر ۱۸۹۵ء

مصارف واقعی سال گذشتہ میلہ مینظیر کے ملاحظہ سے واضح ہوا کہ جو رقم منظور ہوکر مندرج بجٹ ہوئی اوس سے کئی صیغون مین صرف زیادہ ہوا حالانکہ کوئی منظوری اوس صرف زائد کی بابت حاصل نہین کی گئی تہی لہذا سال حال قبل میلہ اون صاحبون کو جنکی متعلق صرف میلہ ہی اطلاع دیجاوے کہ اگر رقم منظور شدہ مندرجہ بجٹ سے زائد بلا منظوری خاص اجلاس ہذا صرف کیا جائیگا وہ مصارف مجرا نہ دیا جاوے گا ہنگام مصروف در بجٹ پر نظر ضرور رہے اور خرچ زائد ہونے نہ پاوے۔

حکم ہوا کہ

درج گزٹ ہو احکام ضابطہ جاری ہوں

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر
واقع ۱۲ اکتوبر ۱۸۹۵ء

جس خاندان سے جسقدر اشتمال تقسیم تنخواہ خاندانیان آئی ہین اوس سے واضح نہین ہوتا کہ تنخواہ مذکور مندرج چٹھہ ڈک صاحب ہے یا نہین اور تنخواہ کس سے اوسکو پہونچی تہی جسکی تنخواہ اب تقسیم دوسرے رشتہ دار پر ہوجاتی ہے اور اگر مندرج چٹھہ ڈک صاحب نہین ہے تو تنخواہ مذکور کس صورت سے اور کس استحقاق سے مقرر ہوئی تہی اشتمال تقسیم تنخواہ مین تصریح امورات مذکور ضرور ہے جابجا ہو۔

حکم ہوا کہ

ہر سہ نقل روبکار ہذا ممبران پنچایت خاندان کو لکھا جائے کہ آئندہ سے اشتمال تقسیم تنخواہ مین تصریح امورات مذکور کر دیا کرین اور ایک نقل درج فائل بک ہو ایک نقل درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر
واقع ۱۲ اکتوبر ۱۸۹۵ء

سپرنٹنڈنٹ کارخانجات کے یہان سے جو رپورٹ ہائی نسبت خرید اشیا آتی ہین اوس سے حال مفصل واضح نہین ہوتا کہ سابق یہ شے کسقدر خرید ہوئی تہی اور کب خرید ہوئی تہی اور اوسمین سے تاریخ خرید سے ابتک کسقدر صرف سرکار ہوا اور کسقدر باقی ہے۔ واسطے دریافت حالات مذکور عرائض واپس کیجاتی ہین اور طوالت و توقف کام مین ہوتا ہے لہذا واسطے انتظام آئندہ ایک نقشہ تجویز کیا جاتا ہے جس سے حال مفصل واضح ہوتا رہیگا سپرنٹنڈنٹ کارخانجات کو چاہیے کہ آیندہ عرضی خرید اشیا ہمارے اجلاس مین بھیجا کرین اوسوقت ایک نقشہ ہمراہ عرضی خانہ پری کر کے ہمارے اجلاس مین بھیجا کرین۔ فقط

حکم ہوا کہ

حسب تجویز بالا احکام ضابطہ جاری ہون ایک نقل درج فائل بک اور ایک نقل درج گزٹ کیا جاوے

جس شے کی قدر مطلوب ہے	سابق جسقدر خرید ہوئی تہی	کب خرید ہوئی تہی	تاریخ خرید سے ابتک کسقدر خرچ ہو کر باقی ہے	باقی کسقدر کارخانہ میں موجود ہے

صرف تاریخ ہوگی	بجنسہ	میزان

ریاست ٹونک مطبع ...

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا سے ۱۴ لغایت ۲۰ اکتوبر ۱۸۹۵ء

نام تحصیل	تفصیل پیدائش							تفصیل فوت										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل بمذہب		ایکسال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل بمذہب							
	اہل اسلام	ہنود	اہل اسلام	ہنود		اہل اسلام	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	اہل اسلام	ہنود	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	۳۳	۱	۱۹	۳	۵۶	۵۳	۴	۱۰	۹	۱	۲	۸	۱۵	۱۹	۲۶	۳۱	۷	۰	۰	۱۵	۳۰	۴۰	۰
حوالی شہر	۱	۷	۰	۳	۱۱	۱	۱۰	۱۰	۳	۱	۰	۵	۵	۷	۸	۷	۸	۰	۰	۱۳	۱	۱۵	۰
معظم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
ملک	۲	۱۱	۱	۱۰	۲۲	۳	۲۱	۳	۴	۳	۳	۵	۶	۱۱	۱۳	۲	۲۲	۰	۰	۰	۲۲	۲۴	۰
شاہ آباد	۳	۲۰	۸	۱۰	۳۱	۱۱	۲۰	۱۳	۹	۲	۲	۹	۱۱	۲۴	۲۲	۱۱	۳۵	۲	۰	۳۶	۱	۴۱	
چمرانی	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
بلاسپور	۷	۵	۱	۳	۱۶	۸	۸	۱	۶	۰	۰	۳	۴	۴	۱۰	۸	۶	۰	۰	۱۴	۰	۱۴	۰
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
سوار	۱۱	۱۵	۱۰	۵	۴۱	۲۱	۲۰	۹	۵	۰	۲	۱۹	۱۹	۲۸	۲۶	۳۴	۲۰	۰	۰	۵۴	۰	۵۴	۰
ملک قاسم	۰	۲	۰	۱	۳	۰	۳	۵	۳	۲	۱	۶	۱	۱۳	۵	۱۴	۴	۰	۰	۱۸	۰	۱۹	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
میزان	۵۸	۵۱	۲۹	۳۵	۱۸۳	۹۷	۸۶	۴۲	۳۹	۹	۱۰	۵۵	۹۱	۱۰۶	۱۱۰	۱۱۴	۱۰۲	۶	۰	۱۵۳	۵۷	۲۱۶	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا سے ۱۴ لغایت ۲۰ اکتوبر ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۳ ار	۱۳ ار	۰	۱۳ ار	۱۳ ار	حضور تحصیل و سوار سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۱۴ ار	۱۵ ار	۰	۱۵ ار	۱۶ ار	
نخود کشتہ آمیز	۰	۱۴ ار	۱۷ ار	۰	۰	۱۶ ار	
کسہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۰	۹ ار	۹ ار	۰	۹ ار	۸ ار	
مونگ	۰	۱۰ ار	۰	۰	۰	۹ ار	
مکا	۰	۱۸ ار	۲۰ ار	۰	۲۰ ار	۰	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۲۲ ار	۲۲ ار	
گودہ چنے	۰	۱۴ ار	۰	۰	۱۷ ار	۱۶ ار	
مسور	۰	۱۰ ار	۱۷ ار	۰	۰	۱۶ ار	
ارہر	۰	۲۰ ار	۰	۰	۰	۰	
برنج	۰	۰	۱۱ ار	۰	۱۱ ار	۰	
روغن زرد	۰	۱ ار	ـ	۰	۱ ار	۱ ار	
روغن تلخ سیاہ	۰	۲ ار	۲ ار	۰	۲ ار	۲ ار	
روغن سپید	۰	۲ ار	۰	۰	۰	۲ ار	
نمک سانبر	۰	۸ ار	۹ ار	۰	۸ ار	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ار	۵ ار	۰	۰	۷ ار	
قند سیاہ	۰	۵ ار	۸ ار	۰	۶ ار	۶ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رام پور